© rasailojaraid.com

**علوم القرآن (انگریزی)** مؤلفہ احمد وان ڈینفر[1] (AHMED VON DENFFER)

ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن ۲۲۳ لندن روڈ - لائسسٹر (LE2 1ZE - U.K)،

دوسو کے قریب صفحات - قیمت درج نہیں۔

بہت اچھی انگریزی میں لکھی ہوئی یہ کتاب بہت اچھے کاغذ پر بہت اچھے ٹائپ سے شائع شدہ ہے اور اس کا پیپر بیک ٹائیٹل بھی خوب ہے۔ اس کتاب کو پڑھتے ہوئے سیوطی کی الاتقان یاد آئی - خلاصہ مدعا یہ کہ قرآن کیا ہے، قرآن کیسا ہے، قرآن میں کیا کچھ ہے، اس کی ترتیب اس کے مباحث کیا ہیں - نیز کون سی سورتیں مکی ہیں، کون سی مدنی اور آیات میں محکم و متشابہ اور ناسخ و منسوخ وغیرہ کی تقسیم، وحی کا مفہوم، متنِ قرآن کا نزول، شانِ نزول، حفاظتِ قرآن اور کتابتِ قرآن کے انتظامات اور مستشرقین کے اعتراضات کے جواب اس میں پیش کر دیئے گئے ہیں۔ انگریزی زبان میں اپنے موضوع پر غالباً یہ پہلی کتاب ہو گی۔

---

**نورستان** از قلم حکیم محمد سعید صاحب، ناشر، ہمدرد فاؤنڈیشن پریس، ہمدرد سنٹر، ناظم آباد - کراچی ۱۸ - خاصے بڑے سائز کے ۴۴۵ صفحات - کاغذ سفید اعلیٰ، کتابت و طباعت دل آویز - دبیز رنگین ٹائیٹل - قیمت: اعلیٰ ایڈیشن (جو زیر تبصرہ ہے) ۱۵۰/- روپے، عام تبلیغی ایڈیشن ۵۰/- روپے - عام ایڈیشن کی اتنی کم قیمت اس کے پھیلانے میں بہت مدد دے گی۔

حکیم صاحب محض طبیب ہوتے اور ہمدرد دواخانہ چلاتے تو بھی ان کی شخصیت تادیر جگمگاتی رہتی، مگر انہوں نے سماجی اور علمی و ادبی دائروں میں جن گوناگوں خدمات کا بیڑہ اٹھا رکھا ہے ان کی وجہ سے وہ ملک کے چند بڑے دانشوروں میں شمار کیے جا سکتے ہیں - وہ صرف دانشور ہی نہیں، مسلم دل و دماغ سے آراستہ ہیں۔ "نورستان" میں ان کے اسلامی شعور و جذ

---

[1] تحقیق نہیں کر سکا کہ اس نام کا اردو تلفظ کیا ہے! (نعیم صدیقی)



© rasailojaraid.com

کا زوردار انعکاس سامنے آتا ہے۔

یہ ضخیم کتاب حکیم صاحب کی اُن نشری تقریروں کا مجموعہ ہے جو انہوں نے "قرآنِ حکیم اور ہماری زندگی" کے عنوان کے تحت ریڈیو پاکستان سے نشر فرمائیں۔ ان ۱۴۱ تقاریر کو چند بڑی سرخیوں کے تحت مرتب کیا گیا ہے۔ ۱- ایمانیات ۲- قرآن کی روشنی ۳- رحمتِ عالم ۴- عبد اور معبود ۵- برکاتِ رمضان ۶- علم و حکمت ۷- تزکیہ نفس اور عمل ۸- تہذیبی اقدار اور تقاضے ۹- انسان اور معاشرہ ۱۰- آوازِ اخلاق ۱۱- سماجی برائیاں ۱۲- صاحبِ ایمان کا کردار ۱۳- صحت و زندگی۔

اِن تقاریر میں آیات [illegible] سے پوری رہنمائی لی گئی ہے اور تمام ایمانی، اخلاقی اور اجتماعی تقاضوں کی تشریح بہت ہی آسان زبان میں کی گئی ہے۔ یہ کتاب زیادہ سے زیادہ ہاتھوں تک پہنچنی چاہیے۔

میرے دل میں حکیم محمد سعید صاحب کی جو قدر ہے اس میں اس کتاب نے اور اضافہ کیا ہے۔

---

**تحریکِ اسلامی منزل بہ منزل** | از چوہدری لعل دین سلیم - ناشر: تحریک پبلیکیشنز، جامعہ کلاتھ مارکیٹ، کچہری بازار، فیصل آباد - کتابت، طباعت، سرورق دیدہ زیب - کاغذ سفید، ضخامت ۴۸ صفحات - قیمت: ۶ روپے

"تحریکِ اسلامی منزل بہ منزل" چوہدری لعل دین سلیم امیر تحریکِ اسلامی ضلع فیصل آباد کی ایک تقریر ہے جو انہوں نے تحریکِ اسلامی صوبہ پنجاب کی متعدد تربیت گاہوں میں کی تھی اور اب اسے کارکنانِ تحریک کے بار بار کے اصرار پہ کتابی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔

اِس کتابچہ میں تحریکِ اسلامی کی روداد سفر کو چھ منزلوں میں اس طرح تقسیم کیا گیا ہے کہ ایک قاری کے ذہن میں محمد بن قاسم کی برصغیر پاک و ہند میں آمد سے لے کر قیامِ پاکستان، سقوطِ ڈھاکہ اور اس کے بعد کی تاریخ واضح ہو جاتی ہے۔ نیز برصغیر پاک و ہند میں تحریکِ اسلامی کا اجمالی مگر جامع جائزہ اس کے ابتدائی دور سے لے کر مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی وفات کے حالات

© rasailojaraid.com